لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۴	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۵ محرم ۱۳۴۱ھ مطابق ۱۸ ستمبر ۱۹۲۲ء	نمبر ۳۸

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تقرر مرزا ذاکر حسین صاحب ...	۱
۲	نسبت مقدمات اضافہ گان وغیرہ ...	۲ و ۳
۳	نقشہ حیات و ممات نقشہ بارش نقشہ نرخ بازار	[illegible]

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۱۳ ستمبر ۱۹۲۲ء

بنظر پرورش

حکم ہوا کہ

مرزا ذاکر حسین خلف پروفیسر مرزا احمد حسین بہ تنخواہ سو روپیہ ماہواری اے۔ ڈی۔ سی۔ مقرر ہوں۔ لفٹننٹ کا رینک انکو دیا جائے۔ احکام مناسب جاری ہوں۔ نقل روبکار ملٹری سکریٹری بہادر کے پاس بھیجدی جائے۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۱۰ ستمبر ۱۹۲۳ء

بعد ملاحظہ استصواب صاحب مہتمم بندوبست مورخہ ۱۰ جنوری ۱۹۲۳ء و ضمیمہ آمدہ مابعد کے بتعدمات اضافہ لگان دفعہ وار حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے۔

(۱) اگرچہ قانوناً مجوز مقدمہ یا تحصیلدار سے کم عہدہ کا عہدہ دار بمقدمہ اضافہ لگان معائنہ موقع نہیں کر سکتا لیکن باعتبار حالت مقامی مناسب ہے کہ اگر مجوز خود معائنہ نہ کر سکیں تو تحصیلدار کو معائنہ موقع کرنا چاہئے اور اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو نائب تحصیلدار و صدر قانونگوے و عملہ بندوبست کے ذریعہ سے بھی تحقیقات موقع یا معائنہ موقع کی اجازت ہے۔

(۲) اگر مجوز نے خود معائنہ یا تحقیقات موقع نہ کی ہو تو تصدیق بیان حلفی معائنہ کنندہ کی بغیر شہادت میں لینا یا اوس پر استدلال کرنا قانوناً ناجائز ہے۔

(۳) تحقیقات مقامی و معائنہ موقع کو صرف افراد و نظری مدعا علیہ تک محدود رکھنا مناسب نہیں ہے بلکہ معائنہ کنندہ کو ہم قسم و ہم حیثیت و ہم فوائد دیگر آراضی واقع محال متنازعہ یا محال متصلہ کو بشرطیکہ محال متدعویہ میں اوس جیسی آراضی نہ ہو تلاش کرنا چاہئے تاکہ مجوز مقدمہ صحیح رائے قائم کر سکے۔

(۴) پرتہ لگان بندوبستی کی پابندی بوجہ امتداد زمانہ نہیں ہو سکتی بلکہ حسب دفعات ۲۲ و ۲۳ ایکٹ ہشتم ۱۸۸۱ء لگان مروجہ کی شرح حاصل کرکے فیصلہ مقدمہ کرنا چاہئے اور وہ لگان بالمقطع میں بھی معلوم ہو سکتا ہے۔ اسکا قاعدہ آئندہ بتایا جاتا ہے۔

اگر بندوبست کا پرتہ لگان اور پرتہ لگان موجودہ یکساں ہو تو شرح بندوبستی کو شرح مروجہ مانا جائے۔ اسلئے کہ بندوبست میں جو اضافہ ہوتا ہے وہ اوسی پرتہ لگان سے ہوتا ہے جو اوسوقت ہم قسم و ہم فوائد و ہم حیثیت آراضی کا دیا جاتا ہے اور بندوبست کے دس سال بعد جب پھر اضافہ کا حق پیدا ہوتا ہے تو اس دہ سالہ عرصہ میں حالت آراضی و شرح لگان دونوں میں ردّ و بدل ہو جاتا ہے اسلئے آئندہ اضافہ میں اوسوقت کا پرتہ لگان مجوز اختیار کرنا چاہئے نہ کہ دس سال گذشتہ زمانہ بندوبست کا۔

(۵) ترتیب کنندہ گوشوارہ کے بیان سے گوشوارہ کی تصدیق لازمی ہے ورنہ گوشوارہ شہادت میں استعمال نہیں کیا جا سکتا اور وہ اسطرح تصدیق ہو سکتی ہے کہ ترتیب کنندہ کی حلفی شہادت لیجائے یعنی یہ گوشوارہ فلاں کاغذ بندوبستی یا فلاں کاغذ مرتبہ پٹواری موقع سے مرتب کیا ہے اور وہ اوسکے مطابق صحیح ہے۔ صاحب مہتمم بندوبست نے ضمیمہ استصواب میں جو بسلسلہ اضافہ لگان کیا گیا ہے جزو تشخیص جمع بندوبستی کو اور جزو اضافہ لگان کو شامل کر دیا ہے اوسکا جواب نمبروار حسب ذیل دیا جاتا ہے۔

(۱) طریقہ تشخیص جمع اور تشخیص اضافہ لگان دو جدا جدا چیزیں ہیں اسلئے تشخیص جمع کی بحث کی اس استصواب میں ضرورت نہیں ہے۔

(۲) طریقہ حصول شرح قسموار اضافہ لگان کی لینے سے جو آمد چیزیں شرح قسموار سے جو لگان پیدا ہوا اوسکو اور شرح بندوبستی کو شرح لگان موجودہ سے ضرب دیکر لگان بندوبستی پر تقسیم کرکے قسموار پیدا ہو۔ [illegible] آراضی مختلف اقسام کا لگان موجودہ [illegible] بالمقطع ہے اور اوسی کا لگان بندوبستی ما عہ تھا شرح بندوبستی فی بیگہ پختہ عہ لگان مفروضہ ہے مجموعی رقبہ کی [illegible] بیگہ دومٹ اول کی شرح مروجہ دریافت کرنا ہے کہ شرح بندوبستی سے [illegible] لگان ہوا اوسکو دو سو روپیہ سے ضرب دیکر [illegible] پر تقسیم کرنے سے [illegible] لگان مروجہ برآمد ہوا۔ پس شرح لگان مروجہ دومٹ اول فی بیگہ پختہ عہ قرار پائی یہی وہ طریقہ ہے جسکا تذکرہ ضمن دفعہ ۴ میں کیا ہے۔ یہ مطلب ان طولانی نقشوں کو جنکو صاحب مہتمم بندوبست نے شامل کیا ہے کچھ معلوم نہیں ہوتا نہ اس کام کیلئے علاحدہ کی ضرورت ہے۔

(۳) حصہ زمیندار و حصہ سرکار دونوں متعلق تشخیص جمع ہیں نہ متعلق اضافہ لگان جسکی بحث اسوقت غیر ضروری ہے۔

(۴) طریقہ تشخیص جمع اضافہ لگان علاقہ جدید کیلئے علاقہ انگریزی کا کار آمد ہے لیکن نقشہ جات منسلکہ اوس غرض کو پورا نہیں کر سکتے۔

(۵) طریقہ تشخیص اضافہ میں علاقہ جدید کیلئے بجز قواعد انگریزی پر عمل کرنے کے اور کوئی مفید صورت نہیں ہے۔

(۶) ہر حال میں احکام ریاست کے مطابق علاقہ قدیم میں اور قواعد انگریزی کے مطابق علاقہ جدید میں عمل کیا جائے۔

(۷) علاقہ جدید میں قوانین انگریزی کے پابندی کا معاہدہ ہے۔

(۸) نظامت سے کوئی حکم ایسا نہیں دیا جا سکتا کہ جس سے خلاف احکام ریاست عمل کرنے کا منشا ہو۔ اور تشخیص اضافہ بندوبستی کیلئے توسیع عملہ کی ضرورت نہیں ہے صرف باضابطہ معائنہ موقع و قواعد مجریہ و ہدایات بالا پر عمل کرنے سے یہ کام بسہولت ہو سکتا ہے۔

بخدمت مہتمم صاحب بندوبست تعمیلاً مرسل ہو۔ ایک نقل مع استصواب قابل [illegible] اور ایک نقل مع استصواب درج گزٹ ہو۔

[illegible]

نقل نوٹ صاحب مہتمم بندوبست

باجلاس اعلیٰ جناب صاحب ریونیو سکریٹری بہادر التماس ہے کہ مین مجبوری کی وجہ سے یہ رپورٹ بہ استصواب پیش کر رہا ہون اور وجہ مجبوری یہ ہے کہ جناب ناظم صاحب بہادر نے فیصلہ اپیل اضافہ لگان موضع اتوہ تحصیل شاہ آباد کو درج گزٹ کرانے کیلئے اجلاس اعلیٰ مین پیش کیا ہے اور اصل مثل بنابر تجویز ثانی بندوبست کو بھیجی ہے اور ایک مثل موضع سرا تحصیل ملک بہ تجویز جدید کیلئے اسی مثل کے ساتھ آئی ہے ہر دو امثلہ کے فیصلہ جات کا نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ ترتیب امثلہ ناشات اضافہ لگان طرز علاقہ گورنمنٹ ہند کے موافق کیجائے ریاست کا عمل درآمد یہ ہے کہ علاقہ جدید مین قانونی پابندی حقوق کے معاملات مین کیجاوے ترتیب امثلہ کی کارروائی حسب عمل ریاست ہوتی رہے ان امثلہ اپیل مین زیادہ تر سقم یہ ظاہر فرماے گئے ہین۔

(۱) نائب تحصیلداران کے ذریعہ سے معائنہ موقع کرانا خلاف قانون ہے۔

(۲) رپورٹ تحقیقات موقع کو بلا تصدیق بیان حلفی معائنہ کنندہ استدلال مین لینا ناجائز ہے { تحصیلدار ۔ نائب تحصیلدار صدر قانونگو ۔ مہتمم بندوبست

(۳) تحقیقات موقع کو صرف افراد نظری پیش کردہ مدعی تک محدود کرنا خلاف قاعدہ ہے

(۴) پرتہ بندوبستی کی پابندی بوجہ استداد زمانہ حقانی اضافہ مین خلاف قانون ہے

(۵) ترتیب کنندہ گوشوارہ کی تصدیق لازمی ہے۔

(۱) کی کارروائی بمقابلہ معائنہ موقع بمقدمات اضافہ لگان ریاست مین زمانہ سابق کر یہی جاری ہے کہ بوقت تحصیلداران یا نائب تحصیلداران یا مہر کام یا صدر قانونگو ی یا مہتمم بندوبست ہو کر تجویز اضافہ کیجاتی ہے اسلئے ریاست مین مثل عمل گورنمنٹ کسی خاص کام کیلئے زائد افسر کے مقرر ہونیکا طریقہ جاری نہین ہے جیسا کہ علاقہ گورنمنٹ مین عہدہ افسر زائد ڈپٹی کلکٹر اس کام اضافہ لگان و دیگر کار ہاے لیکر تجویز فرما دیا جاتا ہے۔ ریاست ہذا مین بشمول دیگر کار ہاے متفرقہ بندوبست کے سپرد یہ کام ہے مہتمم بندوبست کو بوجہ مصروفیت دیگر کار ہاے معائنہ موقع آراضیات نظری وغیرہ کا بہت کم موقع ملتا ہے جیسا ہی جناب ناظم صاحب جو حاکم اپیل ہین اور رحیم کمشنری پر ممتاز ہین انکی سپرد بھی اسسٹنٹ کلکٹری و کلکٹری کا کام ہو رہے ہین اسکا سبب یہی خیال ہونا چاہیے کہ ریاست کا عملدرآمد مقدم اور قابل ترجیح ہے اسلئے علاوہ ریاست کا عمل ترتیب کاغذات دیہی و بندوبستی و جانچ موقع وغیرہ وغیرہ بھی مطابق علاقہ انگریزی جیسا کہ چاہئے نہین ہے نقل علاقہ انگریزی کرنے پر ممکن ہے کہ ترتیب کاغذات دیہی و بندوبستی دخل و صولی دستاجری وغیرہ وغیرہ بھی تبدیل کرنا ہوگی خواہ عمل ہو یا تمام مراتب قابل غور ہین یہ بھی عجب کی بات ہے کہ ایک مثل جو ہمراہ موضع اتوہ آئی اسمین معائنہ نائب تحصیلدار ناکافی اور موضع اتوہ مین بلحاظ مصالح مقامی معائنہ نائب تحصیلدار قابل قبول۔ صورت ہر دو معائنہ جات یکسان۔

(۲) متعلق بیان حلفی معائنہ کنندہ بلحاظ اسکے کہ معائنہ کنندہ بصفت ممبر کمیشن مین ہوتا ہے اور ممبر کمیشن کے بیان جو قوانین میری نظر سے گذرے ہین انمین دو شکل قابل ظاہر کیگئی ہین

(الف) حسب منشاء فریقین مقدمہ

(ب) بشرط ضرورت عدالت جن امثلہ مین یہ دونون صورتین نہون انمین معائنہ کنندہ کے بیان حلفبند ہونے کیلئے کیا حکم ہے اور بلا خواہش فریق مقدمہ بیان دہندہ کی طلبی اگر کیجاوے تو اسکو فیس کس فریق سے دلائی جانے کی تجویز ہو جبکہ معائنہ موقع بھی کسی فریق کی خواہش کے موافق نہوا ہو۔ اور یہ عمل ہر دو علاقہ جات قدیم و جدید مین ہونا چاہیے یا کیا۔

(۳) معائنہ کنندہ کا علاقہ افراد نظری پیش کردہ مدعی دیگر اراضیات ہم قسم کا انتخاب بطیب خود کرنا بلا خاص وجہ کے کہانتک واجب ہوگا اور اس انتخاب بلا معائنہ کنندہ پر فریقین مقدمہ کا استدلال ہو سکتا ہے یا نہین اور مجوز کو انتخاب معائنہ کنندہ کی بنا پر عام طور سے نظری آراضیات پر توجہ کی ضرورت رہیگی یا نہین مین نے خود بھی بحالت تشخیص سرا تحصیل ملک اس عمل کو پیش نظر رکھا تھا لیکن چونکہ اس عمل مین طوالت زیادہ تھی اسوجہ سے بجائے عمل متفرق امثلہ اضافہ لگان مین زائد اور وقت طلب معلوم ہوا جسکو متروک کیا گیا اور جس مثل مین یہ انتخاب کیا گیا تھا وہ سالم موضع کی تشخیص اضافہ تھی اور میرا خود معائنہ تھا اب آیندہ کیلئے جیسا بھی حکم ہو تعمیل کیجاوے یہ ممکن ہے کہ کسی خاص فیصلہ کیلئے بشرط ضرورت ایسا انتخاب کیا جا سکتا ہے عام طور پر اس انتخاب کا عمل خلاف رواج ریاست جاری کرنا محتاج حکم اجلاس اعلیٰ ہے۔

(۴) پرتہ بندوبستی کو بوجہ استداد زمانہ متروک یا نظرانداز کر دینے کی تصریح قانون مین نہین ہے یہی وجہ ہے کہ مجوز بحالت تجویز اضافہ عقل تمیز کے بنا پر تجویز اضافہ کرتا ہے جیسا کہ استصواب بندوبست پر اجلاس ہمایون دام اقبالہم و ملکہم سے اختیارات تمیزی کو عمل مین لانے کی منظوری ہو چکی ہے آیندہ کیلئے اگر قوانین گورنمنٹ ہند پر حسب رائے ناظم صاحب کارروائی اضافہ لگان کرنا پسند فرمایا جاوے تو صاف حکم ہونا چاہیے مجوز اضافہ کو صاف حکم کی حالت مین کسی پس و پیش کی ضرورت نہوگی البتہ حصول پرتہ جات قسمواری مین ہی دقت پیش آویگی جیسا کہ پیشتر ظاہر کیا گیا ہے کیونکہ ریاست ہذا مین قسموار و نمبروار شرح کی تفریق نہین بلکہ بلا لحاظ اقسام آراضی زیادہ تر بالمقطع لگان پر عمل ہے

(۵) اہلمد ترتیب کنندہ نقشہ سروی افزودشدہ شامل مدخلہ مدعی گوشوارہ تشخیص اضافہ کیلئے مجوز کے سامنے بناکر پیش کرتا ہے موقع کی کارروائی سے اوسکا کوئی تعلق نہیں ہے مجوز اپنے اطمینان کے بعد شرح اضافہ مقرر کرکے درج گوشوارہ کرتا ہے اور اپنے دستخط ثبت کردیتا ہے یہ عمل جدید نہیں ہے بلکہ ریاست کا مروجہ عمل یہ ہے۔ نہیں سمجھ میں آتا کہ جناب ناظم صاحب تصدیق بیان اہلمد کا نوٹ اپنی تجویز میں کس بنا پر فرماتے ہیں۔

اب اگر اجلاس عالی کے نزدیک اہلمد ترتیب کنندہ گوشوارہ کے بھی بیان حلفی کی ضرورت ہے تو حکم فرمادیا جائے۔ عدالت اپیل اول نے فیصلہ موضع الوہ میں اپنی تجویزات کے متعلق تکلیف اوٹھانے کا اظہار فرمایا ہے جو شاید اس بنا پر ہو کہ اون سے بحالت اختیارات کمشنری ابتدائے کام جنکا تعلق اسسٹنٹ کلکٹر و کلکٹری سے ہے لئے جاتے ہیں اسمیں مہتمم بندوبست کی کوئی مداخلت نہیں ہے اور ممکن ہے کہ جناب جوڈیشل سکریٹری صاحب بہادر نے انہیں وجوہ کو پیش نظر رکھکر کمشنر صاحب کی خدمات مفوضہ کے متعلق اظہار رائے فرمایا ہو جس پر کہ کمیٹی مال و اجلاس عالی سے بھی اتفاق فرمایا گیا تھا اُن کاغذات کے ملاحظہ کے بعد جناب ناظم صاحب کی تکلیف اوٹھانے کا انتظام فرمایا جاسکتا ہے میں ہر دو صورت سے رضامند ہوں خواہ اسکے ابتدائے کام سپرد مہتمم بندوبست کردے جائیں اور اُنکو موقع اپیل کے فیصلہ کا دیا جاوے یا مہتمم بندوبست کے ابتدائی کام متعلق مقدمات اُن کے سپرد فرمادے جائیں اور اپیل کا فیصلہ مہتمم بندوبست کے سپرد کیا جائے بہرحال اوس صورت پر انتظام فرمایا جائے کہ جسمیں حاکم صاحب اپیل کی مرضی و رضامندی ہو میں اسصورت پر بھی رضامند ہوں۔ تصفیہ مقدمات اضافہ لگان وغیرہ بعدی پابندی قوانین انگریزی بشرط حکم اجلاس عالی کیا کروں لیکن اسصورت میں جن امور کی اصلاح کی ضرورت ہوگی اسکا اظہار کرنا پڑے گا مجھے خیال یہی ہے کہ خدانخواستہ جناب ناظم صاحب ایسے الفاظ کہ تحقیقات کنندہ عقل انسانی نہیں رکھتے یا یہ کہ قابل ملامت ہیں سماعت اپیل کے لحاظ سے مہتمم بندوبست کو بھی مثل تحصیلداران تحریر فرمانا پسند فرمالیں کیونکہ ابھی تک تو تہذیبی فقرے فاضل و ذی علم تجویزات میں فرمارہے ہیں آیندہ کا خدا مالک ہے۔ ۱۰ جنوری ۱۹۲۳ء

مہتمم بندوبست

نقل ضمیمہ

باجلاس عالی جناب صاحب ریونیو سکریٹری بہادر یہ مستصواب کیا جاے کہ قبل اظہار ہونے مستصواب بندوبستی کے امور ذیل کو قابل توجہ جناب والا پاتا ہوں۔

(۱) طریقہ تشخیص جمع اضلاع عالیہ گورنمنٹ ہند و بندوبست ریاست ہذا

(۲) طریقہ حصول قسطوار ہر دو جگہ۔

(۳) حصہ زمیندار و حصہ سرکار ہر دو جگہ۔

(۴) طریقہ تشخیص اضافہ مجریہ حال علاقہ گورنمنٹ ہند۔

(۵) طریقہ تشخیص اضافہ مجریہ ریاست جو بزمانہ حصول علاقہ جدید سے حکام وافسران سابق نے پسند کیا۔

(۶) اسوقت تک دیہات علاقہ جدید میں کس کس معاملات میں پابندی معاہدہ گورنمنٹ ہو رہی ہے اور کس کس معاملات میں احکامات ریاست کو مقدم سمجھا جاتا ہے

(۷) معاہدہ باہم گورنمنٹ ہند و ریاست بابت علاقہ جدید کیا ہے کیونکہ بندوبست میں اسکی کوئی نقل موجود نہیں ہے۔

(۸) میں اگرچہ ریاست کے مروجہ عمل حاشہ سالہ کے پابندی میں ترتیب امثلہ اضافہ و تشخیص اضافہ کر رہا ہوں لیکن جناب ناظم صاحب چونکہ ایکٹ ۱۹۰۱ء کے مطابق کل کارروائی علاقہ جدید کو بخلاف عمل مروجہ ریاست کرنا پسند فرماتے ہیں اسلئے میں طریقہ تشخیص اضافہ کی معلومات کیلئے ہر دو قسم دعاوی اضافہ لگان بوجہ گرانی اجناس خوردنی یا بوجہ زیادتی شرح محاصل آراضیات کے نقشہ جات متعلقہ کو جو زیر منظوری صاحبان بورڈ آچکے ہیں اور جن پر جناب ناظم صاحب کی توجہ نہیں ہے پیش کرتا ہوں۔

طرز عمل پابندی عمل گورنمنٹ ہند کیلئے جسقدر جیسی عمل کی ضرورت ہوگی اُس پر بھی غور فرمالیا جائے اس طریقہ کے اجرا میں خاص طور پر مجوز اضافہ کو اضافہ تجویز کرنا پڑے گا۔

مہتمم بندوبست

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

نقشہ بارش ریاست رامپور ابتداء ۱۰ ماہ لغایت ۱۶ ماہ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۱۰ ماہ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء یوم یکشنبہ	۰	۵۲۵	۰	۴۳۲	نقد نہیں آیا	۰	۰	۶۴۱	۰	۵۱۶	۰	۵۰۲
۱۱ ماہ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء یوم دوشنبہ	۰	۵۲۵	۰	۴۳۲	″	۰	۰	۶۴۱	۰	۵۱۹	۰	۵۰۲
۱۲ ماہ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء یوم سہ شنبہ	۰	۵۲۵	۳	۴۳۵	″	۰	۰	۶۴۱	۰	۵۱۹	۰	۵۰۲
۱۳ ماہ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء یوم چہارشنبہ	۵	۵۴۰	۲	۴۳۷	″	۰	۵۸	۶۹۹	۳۵	۵۵۴	۱	۵۰۳
۱۴ ماہ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء یوم پنجشنبہ	۲	۵۴۲	نقد نہیں آیا	۰	″	۰	نقد نہیں آیا	۰	نقد نہیں آیا	۰	نقد نہیں آیا	۰۳
۱۵ ماہ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء یوم جمعہ	۰	۵۴۲	″	۰	″	۰	″	۰	″	۰	″	۰
۱۶ ماہ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء یوم شنبہ	۳	۵۴۵	″	۰	″	۰	″	۰	″	۰	″	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور ابتداء ۱۰ ماہ لغایت ۱۶ ماہ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	ملک	شاہ آباد	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۵؍۱۰		۵؍۱۰			۶؍۱۰	دیگر تحصیلوں سے نقد نہیں آیا
نخود خالص	۷؍۱۰		۹؍			۹؍	
نخود کستہ آمیز	۸؍۱۰		۱۰؍۱۰			۹؍۱۰	
کستہ	۹؍		۸؍			۹؍۱۰	
ماش	۵؍۱۰		۵؍۱۰			۶؍	
مونگ	۵؍۱۰		۵؍			۵؍	
مکا	۰		۰			۰	
جنی	۱۱؍		۰			۹؍	
کوجنی	۱۱؍۱۱		۰			۸؍	
تھالیس	۸؍		۰			۷؍	
ارہر	۱۰؍۱۰		۱۰؍۱۰			۱۰؍۱۰	
برنج	۳؍		۳؍۱۰			۳؍	
روغن زرد	۵ چھٹانک		۳؍۱؍۱۰			۳؍۱؍۱۰	
روغن سیاہ	۱؍۱۰		۲؍۱۰			۱؍	
روغن کنجد	۲؍۱؍۱۰		۱؍۱۰			۱؍۱۰	
نمک سانبھر	۲؍۱۰		۱۰؍۱۰			۱۱؍۱۰	
نمک لاہوری	۶؍۱۰		۶؍			۷؍	
قند سیاہ	۳؍۱۰		۲؍۱۰			۳؍	
[illegible]	۰		۰				

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری اگست سنہ ۱۹۲۲ء

نام مقام	تفصیل پیدائش — مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		تفصیل موتی — ایک سال سے ۵ سال تک		۶ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب		تفصیل امراض							ازخانہ نمبر ۱۹ لغایت خانہ نمبر ۲۵	کیفیت
	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو		مسلمان	ہندو	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہندو	ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مارگزیدہ		طاعون		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۲	۳	۱۱	۱	۳۸	۳۳	۵	۱۱	۴	۱	۱	۱۵	۱۵	۲۷	۲۰	۴۰	۷	۱	۰	۰	۴۶	۰	۰	۰	۴۷	
گنج	۲۱	۵	۶	۱	۳۳	۲۷	۶	۱۱	۳	۰	۱	۱۵	۱۳	۲۶	۱۷	۳۶	۷	۰	۰	۴۱	۲	۰	۰	۰	۴۳	
حوالی شہر	۱۰	۵	۳	۳	۲۱	۱۳	۸	۴	۱	۴	۰	۱۲	۱۶	۲۰	۱۷	۱۸	۱۹	۰	۰	۰	۳۷	۰	۰	۰	۳۷	
عظیم نگر	۶	۳	۳	۶	۱۸	۹	۹	۰	۳	۰	۱	۱۰	۵	۱۰	۹	۱۶	۳	۰	۰	۱۶	۱	۲	۰	۰	۱۹	
شاہ آباد	۱۸	۴۴	۱۱	۳۸	۱۱۱	۲۹	۸۲	۲۵	۱۳	۵	۵	۲۲	۲۱	۵۲	۳۸	۳۰	۶۰	۰	۰	۰	۸۵	۳	۲	۰	۹۰	
چھاؤنی	۳	۱۳	۳	۵	۲۴	۶	۱۸	۵	۴	۱	۱	۱۰	۶	۱۶	۱۱	۵	۲۲	۰	۰	۰	۲۶	۰	۱	۰	۲۷	
ملک	۵	۳۳	۵	۲۵	۶۸	۱۰	۵۸	۱۴	۷	۱	۵	۳۲	۳۴	۵۰	۴۶	۱۳	۸۳	۱	۰	۰	۸۸	۷	۰	۰	۹۶	
بلاسپور	۱۵	۲۶	۱۰	۱۱	۶۲	۲۵	۳۷	۶	۷	۱	۳	۷	۷	۱۴	۱۸	۱۹	۱۳	۰	۰	۰	۳۰	۲	۰	۰	۳۲	
کیمری	۹	۱۴	۶	۱۷	۴۶	۱۵	۳۱	۲	۲	۳	۳	۱۳	۷	۱۸	۱۲	۷	۲۳	۰	۰	۰	۲۶	۴	۰	۰	۳۰	
سوار	۲۶	۱۵	۱۱	۱۲	۶۴	۳۷	۲۷	۵	۳	۱	۰	۱۰	۱۱	۱۶	۱۴	۱۶	۰	۰	۰	۰	۲۸	۲	۰	۰	۳۰	
ماندہ	۱۳	۱۶	۹	۷	۴۵	۲۲	۲۳	۹	۴	۰	۱	۱۱	۱۵	۲۰	۲۰	۱۷	۱۳	۰	۰	۰	۳۸	۲	۰	۰	۴۰	
میزان	۱۴۸	۱۷۷	۷۸	۱۲۶	۵۳۰	۲۲۶	۳۰۴	۸۵	۵۰	۲۴	۲۶	۱۵۷	۱۵۰	۲۶۹	۲۲۲	۲۱۷	۲۸۲	۲	۰	۵۷	۴۰۷	۲۲	۳	۰	۴۹۱	